© rasailojaraid.com



# تبصرے

**"نگار" کا جولائی نمبر "۵۵ سال کے بعد"** مترجم مسعود جاوید - قیمت ۱۲ / ملنے کا پتہ: نگار بک ایجنسی - لکھنؤ -

"۵۵ سال کے بعد" بڈکن کی مشہور کتاب THE BEST years (بہترین سال) کا آزاد ترجمہ ہے - مسعود جاوید صاحب نے ضروری خدمت داضافہ کے ساتھ ترجمہ کو مستقل تصنیف کی صورت دے دی ہے، اور دراصل ترجمہ کی خوبی یہی ہے -

بڈکن نے زندگی کی بعض مستقل قدروں پر ایک کاری ضرب لگائی ہے اور ذہنی دنیا میں ایک زبردست انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اب تک عہد پیری بیچارگی اور معذوری سے تعبیر رہا ہے - یہی سمجھا جاتا ہے کہ بڑھاپا انتظار مرگ کے لئے ہے اس عمر کو پہونچ کر انسان عملی دنیا سے کنارہ کش ہو جاتا ہے اور اپنے گرد ایک خشک ماحول پیدا کرکے زندگی کی گھڑیاں گنا کرتا ہے بڈکن نے اس کتاب میں یہ ثابت کیا ہے کہ انسان کی اپنی زندگی ۵۰ سال کے بعد شروع ہوتی ہے اس سے پہلے انسان سماج یا دوسروں کے لئے جیتا ہے اور اس کو اپنی خواہشات کے مطابق کام کرنے کا موقع نہیں ملتا - ۵۰ سال کے بعد وہ وقت آتا ہے جب انسان اپنی تشنہ آرزوؤں کی تکمیل کر سکتا ہے اور اس طرح وہ نئی امنگوں کے ساتھ ایک نئی زندگی میں قدم رکھتا ہے -

یہ کتاب نہ صرف بوڑھوں کے لئے "پیام زندگی" ہے بلکہ نوجوانوں کے لئے بھی مشعل راہ ہے

**اصول دعوت اسلام** از مولانا محمد طیب قاسمی مہتمم دار العلوم دیوبند - تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عمر / ایک روپیہ دو آنہ پتہ :- ادارہ دعوت الحق حیدرآباد دکن

یہ رسالہ اگرچہ مختصر ہے لیکن اس میں بڑی جامعیت اور خوبی کے ساتھ تبلیغ اسلام کے متعلق جتنے



© rasailojaraid.com